ذاتی جائزہ:29

نمبر شمار	اور وہ اللہ کی محبت میں کھانا کھلاتے ہیں	ہاں	نہیں
1	میں اللہ کی محبت میں اور اللہ کے دیدار کی خاطر مسکین، یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتا / کھلاتی ہوں؟		
2	میں اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دیتا / دیتی ہوں؟		
3	کسی کو تکلیف میں دیکھ کر مجھے تکلیف ہوتی ہے؟ میں فوراً اس کی تکلیف کو دور کرنے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
4	میں کسی کو بھوک اور پیاس کی تکلیف میں دیکھ کر اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے اپنا پسندیدہ کھانا اور پینا اس ضرورت مند کو دے دیتا / دیتی ہوں؟		
5	میں اپنی کمائی میں کمزوروں کا بھی حق سمجھتا / سمجھتی ہوں؟		
6	میں اس بات کا خیال رکھتا / رکھتی ہوں کہ میرے پڑوس میں کوئی بھوکا نہ سوئے؟		
7	میں پڑوسیوں کو اپنے کھانے میں شامل کرتا / کرتی ہوں؟ میں اس کے لیے اپنے سالن میں شوربہ زیادہ کر لیتا / لیتی ہوں؟		
8	میں اکثر خود بھوکا / بھوکی رہ کر دوسروں کا پیٹ بھر دیتا / بھر دیتی ہوں؟		
9	میں خود ضرورت مند ہوتے ہوئے بھی دوسروں کی ضرورت کو پہلے پورا کر دیتا / دیتی ہوں؟		
10	میں خود کھانا کھلانے کے علاوہ دوسروں کو بھی غریب، فقیر، یتیم اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتا / دیتی ہوں؟		
11	میں کسی فقیر، مسکین کو خالی ہاتھ نہیں لوٹاتا / لوٹاتی؟ میں اپنی استطاعت کے مطابق اس کو کچھ نہ کچھ ضرور دے دیتا / دیتی ہوں؟		
12	میں اکیلے کھانا کھانے کی بجائے دوسروں کے ساتھ مل کر کھاتا / کھاتی ہوں؟		
13	میں کھانے کی معمولی اور کم مقدار کی چیز میں بھی دوسروں کو شریک کر لیتا / لیتی ہوں؟		
14	میں اپنی پسند کا کھانا خود بنا کر دوسروں کو کھلاتا / کھلاتی ہوں؟		
15	میں وقتاً فوقتاً اپنے رشتہ داروں کو کھانے کی دعوت پر بلاتا رہتا / بلاتی رہتی ہوں؟		
16	میں گھر آنے والے مہمانوں کے لیے کچھ نہ کچھ رکھتا / رکھتی ہوں؟		
17	میں مہمانوں کو کھانے پینے کی بہترین چیز پیش کرتا / کرتی ہوں؟		
18	میں کسی کو کھانا کھلانے کے بعد اس سے بدلہ میں کسی، دعا، تعریف، شکریہ یا تحفہ کی توقع نہیں رکھتا / رکھتی ہوں؟		
19	میں رمضان میں روزہ داروں کی سحری اور افطاری کا انتظام کرتا / کرتی ہوں؟		
20	میں غریب اور محتاج لوگوں کے گھروں میں ماہانہ راشن بھیجتا / بھیجتی ہوں؟		
21	میں اپنے یا گھر والوں کے روزوں کا فدیہ ادا کرنے کے لیے مسکینوں کو کھانا کھلاتا / کھلاتی ہوں؟		
22	میں قربانی کے گوشت میں سے تنگ دست لوگوں کو بھی کھلاتا / کھلاتی ہوں؟		
23	میں اللہ کے نام پر مانگے جانے والی چیز کو دینے کی پوری کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
24	میں پالتو جانوروں اور پرندوں کے کھانے پینے کا بھی خیال رکھتا / رکھتی ہوں؟		
25	میں سفر کی حالت میں زائد از ضرورت پانی دوسرے مسافروں کو دیتا / دیتی ہوں؟		
26	میں کسی بھی فقیر، مسکین اور غریب کو جھڑکنے، ڈانٹنے اور حقیر سمجھنے کی بجائے ان کو کھانا کھلانے اور ان کی ضرورت پوری کرنے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
27	میں دوسروں کو کھانا کھلانے سے اپنے رزق میں کمی اور تنگی کا خوف نہیں رکھتا / رکھتی؟ بلکہ میں اپنے کھانے میں برکت اور کشادگی پاتا / پاتی ہوں۔		

© AL-HUDA INTERNATIONL WELFARE FOUNDATION